ڈی۔ ایس شیرہ اینڈ جے ایس سیٹھی کا

देवर भाबी

دیور بھابی

کہانی
اور
گانے

اداکاران
بلراج ساہنی
مالا سنہا
راجندر کمار
رادھا کرشن

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

سٹوری دو یار بھی چاہے کسی بھی عمر کا کیوں نہ ہو اُدھم مچانے سے باز نہیں آتا۔ اسے کوئی دیکھے تو فوراً کہہ اُٹھے گا — دو یار بھی اور مُنڈے میں کوئی فرق نہیں — ایسے ہی ماحول میں پڑکر موہن کو راجیشوری کا ایک چپت کھانا پڑا تھا۔ اس چپت نے ایک نوجوان کو بُری راہ پر جانے سے روک دیا — مگر جب چپت مارنے والی راجیشوری نے موہن کو اپنے دیور کے روپ میں دیکھا تو پیار سے کہا — اب چپت نہیں ماروں گی

آگے پردہ پر دیکھیں —

دیور بھابی کے گانے

گانا نمبر ۱

یہ کیسی رُت آئی عجب رنگ لائی
اُڑا جو میرا آنچل میں بڑی شرمائی
میں تو کھڑی ہوں ایسے انجانے موڑ پے
بچپن گیا ہے جہاں چھوڑ کے
دِل کہیں جائے نظر کہیں جائے
لاج کا بندھن توڑ کے
یہ کیسی انگڑائی میں ہائے شرمائی
اُڑا جو میرا آنچل۔۔
گیندے کے پھولوا کیوں تن کے کھڑے ہیں
جانے کیوں ضد پر اڑے ہیں
ان کی ادائیں ہمیں نہیں آئیں

کاہے کو ہم سے اڑے ہیں

ہوا جو پرائی میں سنبھل نہ پائی

اُڑا جو میرا آنچل....

بڑے بے نیناں دو پنچھی دیوانے اُڑ کے جائیں گگن میں
چاند کو چومیں گھٹاؤں سے کھیلیں ڈوبیں سپنوں کے رنگ میں

یہ دنیا پرائی میں کہاں چلی آئی

اُڑا جو میرا آنچل...

گانا نمبر ۲

ہزاروں حسرتیں ایسی کہ ہر حسرت پہ دم نکلے
بہت نکلے ترے ارمان لیکن پھر بھی کم نکلے
نکلنا خلد سے آدم کا سنتے آئے ہیں لیکن
بہت بے آبرو ہو کر تیرے کوچے سے ہم نکلے

پیار کی گلیوں سے او بھیا کرلے لنتر گول
زمانہ نازک ہے ــــ زمانہ نازک ہے
بانس پیسے کی کہتا ہوں . بس دیکھ بجا کر ڈھول
زمانہ نازک ہے...

چلا ہنس کی چال جو کوا اپنی چال بھی بھولا
راہ چلا مجنوں کی بھیا ہو گیا لنگڑا لولا
سن میرے منا اب نہ کرنا ہمدی کا وہ رول
زمانہ نازک ہے....

بنا پولیس کے پہرے کے اس کوچے میں نہ جانا
مار کے ڈنڈے توڑ نہ ڈالیں تیرے سر کا خول

زمانہ نازک ہے..

کہاں یہ تھیٹر کوں پوڈر کہاں یہ تو نا بلدی
ظالم دنیا یار کو مارے گھائل کر دے جلدی
اپنی جان کی خاطر اب تو دل پہ کر کنٹرول
زمانہ نازک ہے...

گانا نمبر ۳

کسے تھی خبر کہ یوں حد سے گزر کے
خوشی میری دنیا پہ چھانے لگے گی
کسے تھا پتہ کہ میں اتنا سہوں گی
کہ خود یہ ہنسی مجھ کو آنے لگے گی
کسے تھی خبر...
میں ڈوبی ہوں ایسے تیرے رنگ رس میں
کہ اب میرا دل بھی نہیں میرے بس میں
کبھی خواب میں بھی نہ سوچا تھا میں نے
کہ یوں زندگی رنگ لانے لگے گی
کسے تھی خبر...
میرے دیوتا تم ہی میرے کھیویا
تمہارے ہی ہاتھوں میں ہے میری نیا
یہ جیون سفر کیا بھروسہ نظر کا
کہاں سے کہاں لے کے جانے لگے گی
کسے تھی خبر...
چلے غم کی آندھی یا طوفان آئے

مجھے غم نہیں آسماں روٹھ جائے
میرے دیوتا تم اگر مجھ سے روٹھے
سمجھ لو کہ یہ جان جلنے لگے گی
کسے تھی خبر . . .

گانا نمبر ۸

چوری چھپ جائے رے ڈھکنی چھپ جائے
پر پیار چھپانا مشکل ہے
روٹھ کے تو راجہ میرے چاہے جہاں جائے
میرے دل سے جانا مشکل ہے
کہنے کو تو یہ تیری چھوٹی سی بات ہے
دو دن کا میلہ یہ دو دن کا ساتھ ہے
جان چلی جائے چھوٹیں اپنے پرائے
پریتی کو بھلانا مشکل ہے
مستی بھری ایک میٹھی نظر ہے
ہلچل مچا دی ہے جان و جگر میں
چاند کو بلا دو لا کے گھر میں بٹھا دو
گھر سے دل کا بلانا مشکل ہے
آنکھوں کے کیبن میں یہ دل کی جھنکار ہے
اس کا ہی نام میرے راجہ جی پیار ہے
روگ جو بھی آئے ایک دن چلا جائے
اس درد کا جانا مشکل ہے

گانا نمبر۵

تصویر تیری دل میرا بہلا نہ سکے گی
مر جاؤں گا میکے سے جو تو آ نہ سکے گی
میکے سے آجا لی بی ری تیری یاد میں ہو گئی ٹی۔بی
کیر سمجھ کر کھا کوں گا تیری گالی جوتی بھی
یاد میں تیری روٹی سوتی چولہا ہوا اُداس
تڑپ رہے ہیں لوٹے تھالی چمچے اور گلاس
کیا میں یوں ہی چھاڑو دنیا رہوں گا بارہ ماس
اب آنی ہے تو آجا ورنہ لیتا ہوں سنیاس
اس گھر کو بچا جا لی بی تیری یاد میں ہو گئی ٹی۔بی
میکے سے آجا...
تیرے باپ سے پوچھ کے میں نے تجھ سے بیاہ رچایا
ساری رات گلاب بائی کو آنگن میں نچوایا
جانا ہو تو جان کا بیمہ پہلے تم کروا تا
بینڈ بجا شہنائی بجی صاحب نے میرا راشن کھایا
پر جب تو مجھ سے بچھڑ گئی تو کوئی نہ تو پوچھنے آیا
رونے کو ہنسا جا لی بی ری تیری یاد میں ہو گئی ٹی۔بی
کیر سمجھ کر کھا...... میکے سے آجا...

گانا نمبر۶

آنکھ کی اندھی دل پتھر کا نام تیرا تقدیر
بیچ ڈگر میں کیوں ری چلائے تم اُلٹے سیدھے تیر
یہ کیا کر دینا موذے رام

سنیاسی ناری در در پھرے بنے بدنام
من ہی من روئے دیکھو پھمن سا بھیّا
کیسا مچا ہے کہرام
سیتا سی ناری...

ایک بیچ کی بیچ بات نے کیسا دِن دکھلایا
پھول سی جنبی سُکماری کا کومل جیا جلایا
موہ جھلس گیا ممتا مل گئی
رہ گئی دُکھ کی شام
سیتا سی ناری...

دِل کا داغ کوئی نہ دیکھے
من کا مرم نہ جانے
بُری گھڑی میں اپنا پرایا کوئی نہ پہچانے
کیا تیرے جگ سے اُٹھ گیا داتا
نیائے دھرم کا کام
سیتا سی ناری...

کہاں چلی تو کدھر چلی
کوئی کیا پوچھے ابلا سے
آنسو بن کر بہہ گئے سپنے رہ گئے نین اُداسے
چھوٹ گئے سارے سنگ سہارے چھوٹا پی کا نام
سیتا سی ناری...

ختم شد

عملیات تسخیر محبوب معروف

ہمدرد عشاق

اگر آپ کا دل کسی کافر جمال حسینہ کی زلف گرہ گیر میں اسیر ہے۔ اور کامیابی کی کوئی سبیل نظر نہیں آتی منت سماجت کرتے کرتے آپ مایوس ہو چکے ہیں۔ تو آج ہی ہماری یہ کتاب طلب فرمائیے۔ اس کے بہترین عملیات تیر بہدف ثابت ہو چکے ہیں۔ جن پر عمل کرنے اور اعتقاد رکھنے سے آپ اپنا مقصد ضرور پورا کر سکتے ہیں۔ ہزارہا اشخاص کا بارہا تجربہ کیا ہوا ہے۔ ان کا کوئی عمل کبھی خطا نہیں جاتا۔ آپ اس نادر چیز سے خاطر خواہ فائدہ اٹھائیے۔

قیمت صرف ۔/۸/۱ محصولڈاک معاف

اندرجال

یہ جادو کی وہ مشہور کتاب ہے جس کے لئے اردو دان اصحاب ایک مدت سے متجسس تھے۔ ہم نے زر کثیر خرچ کر کے اسے شائع کرایا ہے۔

قیمت صرف ۔/۸/۱ محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(الہ آباد پریس دہلی)